# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ و ثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اسلامیات- 1(8667)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس / بی ایڈ**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بر وقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-5)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1۔ "الحی" اور "القیوم" کے معانی و مفاہیم کی وضاحت کریں اور کائنات کے نظام میں ان صفات کے اثرات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ آلِ ابراہیم اور آلِ عمران کی فضیلت کے اسباب قرآن کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ یہودیوں کا یہ عقیدہ کہ "امیوں (عربوں) کے بارے میں ہم پر کوئی گرفت نہیں" ان کی کس اخلاقی پستی کی نشاندہی کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ متقین کی ان صفات کا تذکرہ کریں جو خوش حالی اور تنگ دستی دونوں صورتوں میں انفاق (خرچ) کرتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ کیا مادی ترقی کائنات کے باطل (بے مقصد) نہ ہونے کی دلیل ہے؟ "ماخلقت ھذا باطلا" کے تناظر میں تجزیہ کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 6-9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1۔ "انا" (میں ہوں) کا لفظ ابلیس نے استعمال کیا تھا؛ اسے استیذان میں ناپسند کرنے کی کلامی وجہ کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ "نام" کو انسان کی پہچان (برانڈنگ) کے طور پر اسلام نے کیسے منظم کیا؟ (20)

سوال نمبر 3۔ یونٹ (کتاب الآداب کے تینوں ابواب) کا مطالعہ کرنے کے بعد ایک طالب علم کی گفتگو اور سماجی رویوں میں کیا تبدیلیاں آنی چاہئیں؟ خلاصہ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ "تانی" (ٹھہراؤ) اللہ کی طرف سے ہے اور "عجلت" (جلد بازی) شیطان کی طرف سے؛ اس اصول کا روزمرہ زندگی میں اطلاق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مظلوم کی مدد کرنا (ظالم کے خلاف) اور ظالم کی مدد کرنا (اسے ظلم سے روک کر)—اس نبوی حکمتِ عملی کی تشریح کریں۔ (20)